7309 ـ ایسے بنک سے قرضہ لیناجو کمپنی سے سودی کاروبارنہیں کرتا

سوال

ایک کمپنی کا کسی بنک کے ساتھ کاروبار ہو اوروہ بنک اس کمپنی کے ملازمین کوکچھ معین رقم بغیر کسی سود کے قرض دے اوراس کے بدلے میں تنخواہ سے ماہانہ کٹوتی کروانے کا مطالبہ کرے توکیا ملازم کے لیے اس بنک سے قرضہ حاصل کرنا جائز ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم نے مندرجہ بالا سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کےسامنے پیش کیا تو ان کاجواب تھا :

جب قرض سود کے بغیر ہے توملازم کےلیےاس بنک سے قرض حاصل کرنے میں کوئي مانع نہیں ۔

واللہ اعلم .